Department of Health

乳癌篩查先導計劃 第二階段
Breast Cancer Screening Pilot Programme Phase II

# چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ کا پائلٹ پروگرام – مرحلہ II

حکومتی اعانت یافتہ چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ کا پائلٹ پروگرام – مرحلہ II ("پروگرام") شروع ہو گیا ہے۔ حکومت نامزد سروس فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر ان اہل خواتین کے لیے سبسڈی شدہ چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ فراہم کرتی ہے جن میں چھاتی کے کینسر کے پیدا ہونے کا خطرہ زیادہ ہو۔

## پروگرام کا پس منظر

چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ کا مقصد کسی بھی علامت کے ظاہر ہونے سے پہلے ابتدائی مرحلے میں چھاتی کے کینسر کا پتہ لگانا ہے، تاکہ کینسر کو آگے بڑھنے سے روکنے کے لیے موثر اور بروقت علاج کیا جا سکے۔ کینسر کی روک تھام اور اسکریننگ سے متعلق کینسر ایکسپرٹ ورکنگ گروپ کی تجاویز کی بنیاد پر حکومت نے چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ کے لئے خطرے پر مبنی حکمت عملی اختیار کی ہے۔ جن خواتین میں چھاتی کے کینسر کے بڑھتے یا معتدل خطرات ہیں، انہیں ہر دو سال میں اسکریننگ کروانے کا مشورہ دیا جاتا ہے، جبکہ وہ خواتین جنہیں چھاتی کا کینسر لاحق ہونے کا زیادہ خطرہ ہو،کو سالانہ اسکریننگ کروانے کی تجویز کی جاتی ہے۔

## شرکاء کی اہلیت

پروگرام میں شامل ہونے کے لئے، اہل افراد کو مندرجہ ذیل تمام معیارات کو پورا کرنا ہوگا:

- 35 سے 74 سال کے درمیان عمر کی خواتین۔ جن خواتین کی فیملی میں ماضی میں چھاتی یا بیضہ دانی کا کینسر رہ چکا ہو، ان کے لیے اسکریننگ کا آغاز اپنے سب سے کم عمر رشتہ دار کی تشخیص کی عمر سے 10 سال پہلے کیا جا سکتا ہے (لیکن 30 سال کی عمر سے پہلے نہیں)۔
- ہانگ کانگ کا شناختی کارڈ[1] یا استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ رکھتی ہوں
- الیکٹرانک ہیتھ ریکارڈ شیئرنگ سسٹم (eHealth) میں رجسٹرڈ ہوں
- چھاتی کے کینسر کے اعلیٰ خطرے میں ہونا، بشمول
  - کچھ جینیاتی تغیرات (جیسے *BRCA1*، *BRCA2*, وغیرہ) کا حامل ہونا، جو جینیاتی ٹیسٹنگ سے تصدیق شدہ ہو، اور جو بریسٹ کینسر کے بڑھتے ہوئے زندگی بھر کے خطرے کو ظاہر کرتا ہو۔ جینز کی فہرست کی مثالیں www.breastscreen.gov.hk پر دیکھی جا سکتی ہیں یا
  - چھاتی یا بیضہ دانی کے کینسر کی مضبوط خاندانی تاریخ ہونا، جیسے:
    - کسی بھی پہلے درجے کی خاتون رشتہ دار [2] کا *BRCA1/2* میوٹیشن کا تصدیق شدہ حامل ہونا
    - کسی بھی پہلی یا دوسری درجے کی خاتون رشتہ دار[3] کو چھاتی کا کینسر اور بیضہ دانی کا کینسر دونوں ہونا
    - کسی بھی پہلے درجے کی خاتون رشتہ دار کو دو طرفہ چھاتی کا کینسر ہونا
    - کوئی بھی مرد رشتہ دار جنہیں چھاتی کا کینسر ہو
    - 2 پہلے درجے کی خواتین رشتہ دار جنہیں چھاتی کے کینسر کی تشخیص ہو اور ان میں سے ایک کو 50≥ سال کی عمر میں یہ مرض تشخیص ہوا ہو
    - 2≤ پہلی یا دوسری درجے کی خواتین رشتہ دار جو بیضہ دانی کے کینسر میں مبتلا ہیں
    - 3≤چھاتی کے کینسر یا چھاتی کے کینسر اور بیضہ دانی کے کینسر کے امتزاج کے ساتھ پہلی یا دوسری درجے کی خواتین رشتہ دار
- چھاتی کے کینسر کی کوئی بھی علامات کا نہ ہونا
- چھاتی کے کینسر کی کوئی سابقہ تاریخ نہ ہونا

[1] سوائے ان افراد کے جنھوں نے ہانگ کانگ میں داخلے یا رہائش سابقہ اجازت کی بنا پر اپنا ہانگ کانگ شناختی کارڈ حاصل کیا ہو اور اس اجازت کی معیاد ختم ہو چکی ہو یا جو اب درست نہ ہو۔
[2] پہلے درجے کی خاتون رشتہ دار سے مراد ماں، بہن یا بیٹی ہے۔
[3] دوسرے درجے کی خاتون رشتہ دار سے مراد کسی فرد کی خالہ، دادی، پوتی، بھتیجی یا سوتیلی بہن ہے۔

- گزشتہ ایک سال کے دوران ماموگرافی اسکریننگ نہ کرائی ہو، یا پروگرام میں اندراج کے وقت ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق ماموگرافی اسکریننگ کی ضرورت ہو۔

ذیل میں بیان کردہ کوئی بھی سابقہ تاریخ رکھنے والی خواتین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے ڈاکٹروں کے ساتھ فالو اپ کریں اور وہ اس پروگرام کے لئے **اہل نہیں ہیں**:

- عمر 10 سے 30 سال کے دوران سینے پر شعاعی علاج کا سابقہ ریکارڈ
- چھاتی کے کینسر کا سابقہ ریکارڈ
- چھاتی کے غیر معمولی ڈکٹل یا لوبلر ہائپرپلسیا کا سابقہ ریکارڈ

## چھاتی کے کینسر کے اسکریننگ ٹیسٹ

### میموگرافی

- میموگرافی چھاتی کا ایک ایکس رے معائنہ ہے۔ مطالعات سے پتہ چلا ہے کہ میموگرافی ابتدائی مرحلے کے چھاتی کے ٹیومر کا پتہ لگانے میں مؤثر ہے جسے آسانی سے دیکھا یا محسوس نہیں کیا جاسکتا ہے۔
- عمل کے دوران، شریک اپنے اوپری جسم کو بے نقاب کرے گی. ایکس رے مشین کے فلیٹ پلاسٹک پیڈل سے چھاتی کو آہستہ آہستہ کمپریس کر کے، چھاتی کی ایکس رے تصاویر مختلف زاویوں سے لی جاسکتی ہیں۔
- شریک کو چھاتی کے دباؤ کے دوران تکلیف یا درد بھی محسوس ہوسکتا ہے، لیکن میموگرافی کا وہ حصہ عام طور پر صرف چند سیکنڈ تک رہتا ہے، اور تصویر کے معیار اور تشخیصی درستگی کو بہتر بنانے کے لئے ضروری ہے۔
- پروگرام میں 2D -میموگرافی کو اپنایا گیا ہے۔

### چھاتی کا الٹرا ساؤنڈ

- شرکت کنندہ کو ڈاکٹر کی طرف سے اضافی چھاتی کا الٹراساؤنڈ حاصل کرنے کا مشورہ دیا جا سکتا ہے اگر طبی طور پر اشارہ کیا جائے۔چھاتی کا الٹراساؤنڈ ایک ایسا ٹیسٹ ہے جس میں ہائی فریکوئنسی صوتی لہروں کو چھاتی کے ٹشوز میں بھیج کر اس کے اندرونی ماحول کی تصویر حاصل کی جاتی ہے، اور منعکس ہونے والی گونج کو امیج میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

## اسکریننگ ورک فلو

**سروس فراہم کنندہ تلاش کریں**

- اندراج شدہ سروس فراہم کنندگان کی فہرست اور ان کے رابطے کی معلومات کے لئے www.breastscreen.gov.hk براؤز کریں
- کلینکس میں آویزاں اس پروگرام کا لوگو تلاش کریں

⇩

**پروگرام میں شامل ہوں**

- اپنے منتخب کردہ سروس فراہم کنندہ سے رابطہ کریں اور اپنی تشخیص کو شیڈول کریں
- جائزے کے دن، اپنا ہانگ کانگ شناختی کارڈ یا استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ دکھائیں، اور ہدایت کے مطابق دیگر متعلقہ طبی دستاویزات (اگر کوئی ہوں) اپنے ساتھ لائیں، جیسے جینیاتی ٹیسٹ کی رپورٹ، میڈیکل پریکٹیشنر کا ریفرل لیٹر ، سابقہ چھاتی کی امیجنگ رپورٹ وغیرہ۔
- اگر آپ کو اہل قرار دیا جائے، تو رضامندی فارم پر دستخط کریں اور امیجنگ کا اپائنٹمنٹ مقرر کریں۔

⇩

**متعلقہ امیجنگ مراکز میں میموگرافی اسکریننگ حاصل کریں**

(اور ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق الٹرا ساؤنڈ امیجنگ)

⇩

**سروس فراہم کنندہ سے اسکریننگ کے نتائج کی اطلاع حاصل کریں**

⇩ ⇩

| **عام نتیجہ** | **غیر معمولی نتیجہ** |
| --- | --- |
| • ہر سال جائزہ اور اسکریننگ دوبارہ کروائیں<br>• ہر وقت چھاتی سے باخبر رہیں اور اگر آپ کو چھاتی میں کوئی غیر معمولی تبدیلی نظر آئے تو فوری طور پر ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔ | • اسکریننگ کے نتائج اور فالو اپ پلان پر تبادلہ خیال کے لئے ڈاکٹر سے مشورہ کریں<br>• (اگر ظاہر کیا جائے) ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق اضافی میموگرافی اور / یا چھاتی کا الٹرا ساؤنڈ کرائیں<br>• (اگر ظاہر کیا جائے) ماہرین کے پاس جانے کے لیے ریفرل حاصل کریں |

## دیگر خدمات جن پر زیادہ خطرے والی خواتین غور کر سکتی ہیں (پروگرام کے تحت شامل نہیں)

چھاتی کے کینسر کے زیادہ خطرے والی خواتین باقاعدہ میموگرافی اسکریننگ جو اس پروگرام کے تحت ہے، کے ساتھ دوسری خدمات پر بھی غور کر سکتی ہیں، جسکا انحصار ان کے خطرے کے عوامل پر ہے۔ ان خدمات میں چھاتی کی مقناطیسی ریزوننس امیجنگ (MRI) اسکریننگ، جینیاتی مشاورت اور ٹیسٹنگ، اور چھاتی کے کینسر کے خطرے کو کم کرنے کی حکمت عملی پر ماہرین (جیسے چھاتی کے سرجن، گائناکالوجسٹ) کے ساتھ مشاورت شامل ہے۔ اگرچہ یہ خدمات پروگرام کے تحت شامل نہیں ہیں، شرکاء کو دوسرے طبی اداروں میں بھیجا جاسکتا ہے جہاں وہ ان خدمات تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں اور ذاتی دیکھ بھال حاصل کرسکتے ہیں۔ تاہم، شرکاء اخراجات برداشت کریں گے۔

## سروس فراہم کنندگان کی تفصیلات اور جوائنٹ ادائیگی کی تفصیلات

### اسکریننگ کہاں کروائیں

سروس فراہم کنندگان اور ان کے طبی کلینکس کی فہرست کے لئے www.breastscreen.gov.hk ملاحظہ کریں جو سبسڈی پر چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ سروس فراہم کرتے ہیں۔ براہ کرم مشاورت کے لئے ملاقات کرنے کے لئے اپنے پسندیدہ سروس فراہم کنندہ کا انتخاب کریں اور رابطہ کریں۔

### مشترکہ ادائیگی

اگرچہ اس پروگرام کو حکومت کی طرف سے سبسڈی دی جاتی ہے، لیکن انفرادی خدمات فراہم کرنے والے شرکاء سے درخواست کرسکتے ہیں کہ وہ سرکاری سبسڈی کے علاوہ اپنی امیجنگ خدمات کے لئے مشترکہ ادائیگی کریں۔ ہر میموگرافی یا الٹرا ساؤنڈ اسکریننگ کے لئے مشترکہ ادائیگی 225$ سے زیادہ نہیں ہے۔ مشترکہ ادائیگی کی تفصیلات پروگرام کی ویب سائٹ پر درج ہیں۔

## برائے مہربانی نوٹ کریں:

1. تمام اسکریننگ ٹیسٹ 100% درست نہیں ہوتے۔ ان کی کچھ حدود ہیں اور یہ ممکنہ خطرات رکھتے ہیں جیسے کہ جھوٹے مثبت نتائج، جھوٹے منفی نتائج، ضرورت سے زیادہ تشخیص اور غیر ضروری علاج۔
2. وہ خواتین جو چھاتی کے کینسر کی اسکریننگ حاصل کرنا چاہتی ہیں انہیں اسکریننگ حاصل کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے ممکنہ فوائد اور نقصانات پر تبادلہ خیال کرنا چاہئے۔
3. فہرست بند سروس فراہم کنندگان تمام متعلقہ کلینیکل دیکھ بھال اور انتظام کے لئے پیشہ ورانہ طور پر جوابدہ ہوں گے۔ اس تناظر میں حکومت کسی بھی ذمہ داری اور فرض کا بوجھ نہیں اٹھاتی۔
4. اگر شرکاء کو مزید تحقیقات یا انتظام کے لئے دوسرے طبی اداروں میں بھیجا جاتا ہے تو، ان خدمات سے ہونے والے اخراجات کو پروگرام کے تحت سبسڈی نہیں دی جائے گی۔

پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ مہربانی www.breastscreen.gov.hk ملاحظہ کریں

محکمہ صحت، ہانگ کانگ خصوصی انتظامی ریجن
2025شائع شدہ بتاریخ